الیکشن کمیشن آف پاکستان

# انتخابات

## 25 جولائی 2018




### آپ کا ووٹ ۔ آپ کے ضمیر کی آواز

### پولنگ کے اوقات



صبح 8:00 تا شام 6:00

اپنے ووٹ کی تفصیلات معلوم کرنے کے لئے اپنا شناختی کارڈ نمبر

**8300**

پر ایس ایم ایس کریں



www.ecp.gov.pk

# پاکستان میں انتخابی عمل میں بہتری کے لئے اقدامات



الیکشن ایکٹ 2017 الیکشن کمیشن آف پاکستان کو زیادہ با اختیار بناتا ہے تاکہ انتخابات میں شفافیت اور جواب دہی کے عمل کو بہتر بنایا جا سکے۔



انتخابی عمل میں خواتین، خصوصی ضروریات والے ووٹرز، خواجہ سراء اور دیگر محروم طبقات کی شمولیت کے لئے خصوصی اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔




کسی حلقے میں خواتین کا ووٹر ٹرن آؤٹ 10 فیصد سے کم ہونے کی صورت میں اس حلقے میں دوبارہ الیکشن کرایا جا سکتا ہے۔

جنرل سیٹوں پر سیاسی جماعتوں کے لئے لازم قرار دیا گیا ہے کہ وہ خواتین کے لئے 5 فیصد ٹکٹ مختص کریں۔



جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے انتخابات کی شفافیت کے عمل کو بہتر بنانے کے لئے اقدامات کیے گئے ہیں۔

انتخابات کے بہتر انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے انتخابی عملے کی جامع تربیت کی گئی ہے۔



الیکشن کمیشن آف پاکستان

آزادانہ منصفانہ غیرجانبدارانہ

# ووٹنگ کے عمل کا خاکہ





پولنگ آفیسر آپ کا اصل قومی شناختی کارڈ اور انتخابی فہرست میں درج تفصیلات چیک کرے گا/گی۔ آپ کا نام اور سلسلہ نمبر بلند آواز سے پکارے گا/گی تاکہ پولنگ ایجنٹس سن سکیں اور انتخابی فہرست میں آپ کے نام پر لکیر لگا دے گا/گی۔ اس کے بعد انتخابی فہرست پر آپ کے انگوٹھے کا نشان لے گا/گی اور آپ کے انگوٹھے کے ناخن کے جوڑ پر انمٹ سیاہی کا نشان لگائے گا/گی۔




مطلوبہ کاؤنٹر فوائلز پر انگوٹھے کا نشان لگوانے کے بعد قومی اور صوبائی اسمبلی کے اسسٹنٹ پریزائیڈنگ افسران بیلٹ پیپرز کی پشت پر دستخط اور مہر ثبت کرنے کے بعد بیلٹ پیپر برائے قومی اسمبلی (سبز رنگ) اور بیلٹ پیپر برائے صوبائی اسمبلی (سفید رنگ) جاری کریں گے۔




اس کے بعد آپ ووٹنگ سکرین کے پیچھے جائیں اور اپنے بیلٹ پیپرز پر 9 خانوں والی مہر اپنی پسند کے کسی ایک اُمیدوار کے انتخابی نشان پر درست طریقے سے لگائیں۔




سبز رنگ کا بیلٹ پیپر سبز ڈھکن والے بیلٹ باکس اور سفید رنگ کا بیلٹ پیپر سفید ڈھکن والے بیلٹ باکس میں ڈالیں۔

# ووٹر کے لئے ضروری معلومات

پریزائیڈنگ آفیسر پولنگ اسٹیشن پر پولنگ کے عمل کا انچارج ہے۔ انتخابی عملے، سکیورٹی اہلکاروں اور مبصرین کے لئے لازم ہے کہ وہ پولنگ کے عمل کے دوران غیر جانبدار رہیں اور پریزائیڈنگ آفیسر کے قانونی حکم کی تعمیل کریں۔







ووٹ ڈالنے کیلئے اپنا اصل قومی شناختی کارڈ ہمراہ لائیں۔ زائد المعیاد قومی شناختی کارڈ قابلِ قبول ہے۔ قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی یا کوئی اور دستاویز قابلِ قبول نہیں ہوگی۔




مشترکہ پولنگ اسٹیشن پر عمومی طور پر مرد اور خواتین ووٹرز کے لئے الگ الگ راستوں کا انتظام کیا جاتا ہے۔




سکیورٹی اہلکار پولنگ کے دوران پولنگ اسٹیشن پر امن و امان برقرار رکھنے کے ذمہ دار ہیں۔



پولنگ کے عمل کے دوران انتخابی عملہ، سکیورٹی اہلکار اور پولنگ ایجنٹس کسی ووٹر کو کسی سیاسی جماعت یا امیدوار کو ووٹ ڈالنے کی ترغیب نہیں دے سکتے۔



تمام ووٹرز، انتخابی عملہ اور پولنگ اسٹیشن پر موجود دیگر افراد کے لئے لازم ہے کہ وہ ووٹ کی رازداری کا خیال رکھیں۔



پولنگ اسٹیشن کے اندر موبائل فون اور کیمرہ لانے کی اجازت نہیں ہے۔



پولنگ کے مقررہ وقت کے اختتام کے بعد بھی پولنگ اسٹیشن کی حدود میں موجود ووٹرز اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔